سوال

(442) جائیداد ہبہ کرنے پر

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے اپنی کچھ جائداد ایک شخص کے نام چند شروط کردی کہ فروخت وغیرہ نہ کرنا کہ میرا نام زندہ رہے وغیرہ اس کی آمدنی سے صرف متمع ہوتا رہے، (اور دوسری جائداد اپنے ہی نام پر چھوڑ کر مرگیا) اب وہ شخص مرگیا بعد کع ہوہوب لہ نے اس مہبہ شدہ جائداد کو فروخت وغیرہ کرنا شروع کردیا ہے کیا ایسا کرنے سے وہ منع کیا جاسکتا ہے؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

سوال ہذا میں فروخت نہ کرنے کی جو شرط ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ہبہ نہیں بلکہ وقف ہے اس لئے بیع کرنا جائز نہیں بیع سے روک دینا چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 2 ص 424

محدث فتویٰ